فوری ریلیز کے لیے: 12/12/2022

گورنر KATHY HOCHUL

## ***گورنر HOCHUL نے اعلان کیا ہے کہ ریاست نیویارک کے CONNECTALL دفتر نے وفاقی گرانٹس کے $7 ملین کے ساتھ ایک اہم سنگِ میل عبور کر لیا ہے***

***فنڈنگ کی مدد سے پوری ریاست میں براڈ بینڈ اور ڈیجیٹل ایکویٹی کی جامع منصوبہ بندی اور اسٹیک ہولڈر کی شمولیت کا آغاز کیا گیا ہے تاکہ ڈیجیٹل تفاوت کا خاتمہ کرنے میں مدد ملے***

***وفاقی بنیادی ڈھانچے کی سرمایہ کاری اور جابز ایکٹ (Federal Infrastructure Investment and Jobs Act) کی جانب سے نیویارک کے براڈ بینڈ فنڈنگ کی مکمل تفویض کاری وصول کرنے کی جانب یہ ایوارڈز پہلا قدم ہیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ ریاست نیویارک کے ConnectALL دفتر کو امریکی محکمہ تجارت کے براڈ بینڈ ایکویٹی، رسائی، اور تعیناتی اور ڈیجیٹل ایکویٹی ایکٹ پروگرام کے ذریعے $7.2 ملین سے نوازا گیا ہے۔ آنے والے مہینوں کے دوران، ConnectALL ریاست بھر میں نیویارک کے باشندوں کو شامل کرنے کے لیے ان فنڈز کو استعمال کرے گا تا کہ جامع ریاست گیر براڈ بینڈ تنصیب کاری اور ڈیجیٹل ایکویٹی منصوبے تیار کیے جائیں۔ یہ منصوبے ریاست کے بنیادی ڈھانچے کی سرمایہ کاری اور جابز ایکٹ کے فنڈز کو استعمال کرنے کے لیے روڈ میپ فراہم کریں گے تاکہ ریاست نیویارک میں بقیہ ڈیجیٹل تفاوت کا خاتمہ کیا جا سکے۔

"ایک سستے، قابل بھروسہ انٹرنیٹ تک رسائی حاصل کرنا اب آسائش کی بات نہیں رہی ہے - یہ افراد کو روزگار، تعلیم اور ضروری سرکاری خدمات سے منسلک کرنے کی ایک ضرورت بن گئی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "Biden-Harris انتظامیہ کی طرف سے کی گئی یہ فنڈنگ نیویارک کے باشندوں کو مربوط رکھنے اور اکیسویں صدی کی معیشت کے لیے ہمارے ڈیجیٹل بنیادی ڈھانچے کی تعمیر میں مدد کرے گی۔ ہماری ریاست میں یہ سرمایہ کاری کرنے پر میں اپنے وفاقی شراکت داروں کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں، اور میں ڈیجیٹل ایکویٹی کو وسعت دینے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اس شراکت داری کو جاری رکھنے کی منتظر ہوں کہ تیز رفتار براڈ بینڈ سب کے لیے دستیاب ہو۔"

**سیکرٹری برائے تجارت Gina Raimondo نے کہا،** "انٹرنیٹ سب کے لیے کے اقدامات سے نیویارک کے شہریوں کو مساوی انٹرنیٹ تک رسائی فراہم کرنے کے ہدف کے ساتھ انٹرنیٹ خدمات کو کم قیمت رکھنے میں اضافہ ہو گا۔ پسماندہ اور محروم کمیونٹیز کی ضروریات کو پورا کرنے کی خاطر انٹرنیٹ تک رسائی کو وسعت دینے کے کام پر میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔"

**امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "ہمیں خوشی ہے کہ ہم گورنر Hochul کے ConnectALL ایجنڈا کو آگے لے جانے کے لیے وفاقی حکومت کی جانب سے یہ اہم ترین ایوارڈز وصول کر رہے ہیں۔ ہم ریاست کے ہر علاقے میں اپنے شراکت داروں کے ساتھ مل کر ریاست گیر منصوبے کو آگے بڑھانے اور اہم براڈ بینڈ پروگراموں کی حمایت کے لیے وفاقی فنڈنگ کو غیر مقفل کرنے کے منتظر ہیں۔"

یہ 1.1$ بلین کا ConnectALL اقدام، جس کا اعلان گورنر Hochul نے اپنے جنوری 2022 کےاسٹیٹ آف دی اسٹیٹ خطاب میں کیا تھا، براڈ بینڈ میں کی گئی ریاست نیویارک کی تاحال سب سے بڑی سرمایہ کاری ہے، جس کا مقصد ریاست کے ڈیجیٹل بنیادی ڈھانچے کو تبدیل کرنا ہے تاکہ نیویارک کے تمام باشندوں کو انٹرنیٹ کے ذریعے مربوط کیا جا سکے۔ ڈیٹا اکٹھا کرنے اور نقشہ سازی میں سرمایہ کاریاں کرنے، ہدف شدہ گرانٹ پروگرامز، تعیناتی پالیسی میں اپ ڈیٹس، اور ریاست بھر میں اسٹیک ہولڈر کی شمولیت کے ذریعے، ConnectALL نیویارک کے باشندوں کو بہتر براڈ بینڈ سروس، اور اس کے ذریعے فراہم کیے جانے والے معاشی، تعلیم، صحت، اور شہری مصروفیت کے وسیع مواقع تک رسائی حاصل کرنے میں مدد دے گا۔

آج کے فنڈنگ ایوارڈز میں BEAD پروگرام سے 5$ ملین اور ریاستی ڈیجیٹل ایکویٹی پلاننگ گرانٹ پروگرام سے 2.2$ ملین شامل ہیں؛ ان دونوں وفاقی پروگراموں کا انتظام امریکی محکمۂ تجارت کی نیشنل ٹیلی کمیونیکیشن اینڈ انفارمیشن ایڈمنسٹریشن کی جانب سے کیا جاتا ہے۔ امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ میں ConnectALL آفس، دونوں گرانٹ پروگراموں کی فنڈنگ کو ایک جامع ریاست گیر منصوبہ بندی اور اسٹیک ہولڈر کی شمولیت کی کوششوں میں مدد کے لیے استعمال کرے گا جو کہ بنیادی ڈھانچے کی سرمایہ کاریوں اور جابز ایکٹ میں براڈ بینڈ اور ڈیجیٹل ایکویٹی کے لیے شامل وفاقی فنڈز کے 45$ بلین سے زیادہ سے مختص کیے جانے والے بعد کے نفاذ کے گرانٹ فنڈز کے لیے ریاست کے نقطہ نظر کو باخبر کرے گا۔ ریاست نیویارک کے پاس ConnectALL کے تحت BEAD اور ڈیجیٹل ایکویٹی پروگرام دونوں کے لیے متحد منصوبہ بندی اور عمل درآمد موجود ہے تاکہ ایک ہم آہنگ اور مربوط نقطہ نظر کو یقینی بنایا جا سکے جو براڈ بینڈ تک رسائی اور اس وقت نیویارک کے باشندوں کو متاثر کرنے والی استعمال میں حائل رکاوٹوں کی مکمل حد کو دور کر دے گا۔

ConnectALL کی شمولیت کی کوششوں میں ریاست بھر میں منتخب عہدیداروں سمیت، مختلف اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ وسیع رسائی اور تعاون شامل ہو گا، جن میں مقامی، علاقائی اور قبائلی حکومتیں؛ عوام کے ارکان؛ انٹرنیٹ سروس فراہم کنندگان؛ کمیونٹی اینکر ادارے؛ غیر منافع بخش اور کمیونٹی میں قائم شدہ تنظیمیں؛ شہری حقوق کی تنظیمیں؛ مزدور تنظیمیں اور یونین؛ افرادی قوت کی ترقیاتی کام کی تنظیمیں؛ لائبریریاں؛ تعلیمی ادارے؛ اقتصادی ترقی کی تنظیمیں؛ مقامی کاروباری ادارے اور چیمبر آف کامرس؛ اور کئی دوسرے شامل ہیں۔ ConnectALL ریاست بھر میں ان شراکت داروں کے ساتھ براڈ بینڈ کی تعیناتی اور ڈیجیٹل ایکویٹی چیلنجز، ترجیحات اور مواقع کی نشاندہی کرنے کے لیے؛ ریاست کے نقطہ نظر کو مطلع کرنے کے لیے ان کی مہارت کا فائدہ اٹھانے؛ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ ریاست کے منصوبے پہلے سے جاری کوششوں سے ہم آہنگ ہیں؛ اور اقتصادی ترقیاتی کام، ملازمتیں پیدا کرنے، تعلیم، اور براڈبینڈ کی منصوبہ شدہ سرمایہ کاریوں میں اضافہ کرنے کے لیے کام کرے گا۔ ریاست جنوری 2023 میں اپنے عوامی اسٹیک ہولڈر کی شمولیت کی تقریبات کے اعلان کرنے کو شروع کرنے کی توقع رکھتی ہے۔

ConnectALL اضافی طور پر دیئے گئے فنڈز کو ریاست کے ڈیجیٹل ایکویٹی کے افتتاحی ڈائریکٹر کی خدمات حاصل کرنے اور اضافی عملے کے عہدوں کے ساتھ ڈیجیٹل ایکویٹی منصوبہ بندی اور ہم آہنگی میں معاونت کرنے کے لیے ریاست نیویارک لائبریری کے اندر دو فیلو شپس قائم کرنے کے لیے بھی استعمال کرے گا۔ ریاست ایک ڈیجیٹل ایکویٹی انٹرایجنسی ٹاسک فورس (Digital Equity Interagency Taskforce) بھی قائم کرے گی تاکہ آبادی کے اہم طبقات کو خدمات کی فراہمی کی نگرانی کرنے والی ریاستی ایجنسیوں کو مدعو کیا جا سکے، جن میں NYS محکمۂ تعلیم، بچوں اور خاندانوں کی کونسل، محکمہ سول سروس، محکمہ خاندانی معاونت، محکمہ مالیاتی معاونت، محکمہ مالیاتی خدمات، محکمہ صحت، محکمۂ لیبر، محکمہ پبلک سروس، ریاستی محکمہ، نشوونمائی معذوری کی منصوبہ بندی کی کونسل، NYS گھروں اور کمیونٹی کی تجدید، نشونمائی معذوریوں کے حامل افراد کا دفتر، عمر رسیدہ افراد کا دفتر، بچوں اور خاندانی خدمات کا دفتر، عارضی اور معذوری کے بیمہ کا دفتر، اور دیگر شامل ہیں۔

ConnectALL براڈ بینڈ اور ڈیجیٹل ایکویٹی کی منصوبہ بندی اور ریاست بھر میں نفاذ کے بارے میں مشورہ دینے کے لیے ایک براڈ بینڈ رسائی کی مشاورتی کمیٹی کو بھی مدعو کرے گا؛ جس کے ارکان میں ریاستی بنیادی ڈھانچے کی اہم ایجنسیاں، نجی شعبے کے ٹیلی کمیونیکیشنز آپریٹرز، تنظیم شدہ لیبر کا ایک نمائندہ، اور قبائلی امور کا ایک ماہر شامل ہو گا۔

آج کا اعلان ConnectALL کی کئی حالیہ کامیابیوں کے بعد سامنے آیا ہے، جس میں شامل ہیں:

- **$10 ملین کے براڈ بینڈ بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کے اقدام کی بنیاد رکھنا:** ConnectALL اور نیویارک پاور اتھارٹی باہم مل کر کام کر رہے ہیں تاکہ چینانگو، ٹیوگا، سینٹ لارنس اور لوئیس کاؤنٹیز میں دیہی کمیونٹیز تک سستے براڈ بینڈ انٹرنیٹ کی رسائی فراہم کی جائے۔
- **براڈ بینڈ جائزہ پروگرام اور انٹرایکٹو براڈبینڈ میپ کا آغاز:** ConnectALL ریاستی وسائل، مقامی اور علاقائی حکومت کے شراکت داروں، اور عام لوگوں کو فیڈرل کمیونیکیشن کمیشن کے نیشنل براڈ بینڈ میپ میں غلطیوں کو چیلنج کرنے کے لیے متحرک کر رہا ہے، جو IIJA کی جانب سے ریاست کی فنڈنگ کی حتمی طور پر تعیناتی کو باخبر کرے گا۔ ConnectALL نے حال ہی میں نیویارک کے 31,000 سے زیادہ پتوں کا ایک چیلنج جمع کروایا ہے جو عوامی خدمت کے محکمے کی جانب سے ریاست کے سب پہلے، مفصل، انٹرایکٹو براڈ بینڈ نقشے سے حاصل کردہ ڈیٹا کے ذریعے تیار کردہ، وفاقی نقشے میں شامل نہیں تھے۔
- **سستے کنیکٹیویٹی پروگرام صارف کے لیے براڈ بینڈ سبسڈی کا فروغ:** گورنر Hochul نے حال ہی میں اعلان کیا ہے کہ ایک مسلسل، کثیر ایجنسی اور نچلی سطح پر کی جانے والی کوشش کی بدولت نیویارک کے 1 ملین گھرانوں نے اس پروگرام کو سبسکرائب کیا ہے، تاکہ کم آمدنی والے گھرانوں کے لیے ہر ماہ براڈ بینڈ کی $30 سبسڈی کے لیے مواقع کے بارے میں آگاہی پیدا کی جائے۔

ConnectALL کے بارے میں مزید معلومات کے لیے براہ کرم www.broadband.ny.gov ملاحظہ کریں۔

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے بارے میں**

ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ نیویارک کی اقتصادی ترقی کی اہم ایجنسی ہے۔ ESD کا مشن ایک مضبوط اور بڑھتی ہوئی معیشت کو فروغ دینا، نئی ملازمتوں اور اقتصادی مواقع کی تخلیق کی حوصلہ افزائی کرنا، ریاست اور اس کی میونسپلٹیز کی آمدنی میں اضافہ اور مستحکم اور متنوع مقامی معیشتیں قائم کرنا ہے۔ قرضہ جات، عطیات، ٹیکس کریڈٹس اور دیگر اقسام کی مالی امداد کو بروئے کار لا کر، ESD نجی کاروباری سرمایہ کاری اور ترقی کو بڑھانے کی کوشش کرتی ہے تاکہ ملازمتی تشکیل کی حوصلہ افزائی کر سکے اور ریاست نیو یارک میں ہر جگہ ترقی کرتی کمیونٹیز کی معاونت کر سکے۔ ESD مقامی خطہ جاتی ترقیاتی کاؤنسلز ( Regional Economic Development Councils) اور ریاستی آئیکونک سیاحتی برانڈ "I LOVE NY" کی نگرانی کرنے والی بنیادی انتظامی ایجنسی بھی ہے۔ علاقائی کونسلوں اور ایمپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، www.regionalcouncils.ny.gov اور www.esd.ny.gov ملاحظہ کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418